**Download**

# بورڈ آف انٹرمیڈیٹ اینڈ سیکنڈری ایجوکیشن ،لاہور

86 - مزنگ روڈ، لاہور

## تاریخ پیدائش میں تصحیح کی درخواست

Case No. C.B

| آر اینڈ ڈی سیکشن استعمال کے لیے | امیدوار یہاں اپنی تصویر چسپاں کریں اور فرنٹ سے تصدیق کروائے | دفتری استعمال کے لیے<br>فیس مبلغ ________<br>چالان نمبر ________<br>دستخط بجٹ سیکشن ________ |
|---|---|---|

1۔ نام ________ 2۔ ولدیت ________

3۔ سیکنڈری سکول امتحان میں شرکت کا سال ________ (سالانہ / ضمنی) رول نمبر ________

4۔ ادارے کا نام اور پتہ جہاں سے سیکنڈری سکول امتحان میں شرکت کی۔ پرائیویٹ کی صورت میں ضلع کا نام لکھیں ________

________

5۔ سیکنڈری سکول رزلٹ کارڈ / سرٹیفکیٹ پر درج تاریخ پیدائش ________

6۔ تاریخ پیدائش جو مطلوب ہے ________

7۔ غلطی کی وجوہات ________ 8۔ پیش کردہ ثبوت ________

دستخط ہیڈ ماسٹر / ہیڈ مسٹریس / پرنسپل ________

مہر سکول / کالج ________

کوڈ نمبر ________

دستخط اُمیدوار ________

موبائل نمبر ________

ایڈریس ________

________

### اہم نوٹ

یہ فارم بورڈ کی ویب سائٹ (Www.biselahore.com) سے ڈاؤن لوڈ بھی کیا جا سکتا ہے

نیز آپ اس فارم کی فوٹو کاپی بھی استعمال کر سکتے ہیں۔

**تمام ضروری ہدایات فارم کی پشت پر نوٹ فرمائیں۔**

(اصل بنک چالان یہاں چسپاں کریں۔ بصورت دیگر آپ کی فیس ضائع بھی ہو سکتی ہے۔ )

# قوانین/ہدایات

1۔ سیکنڈری سکول امتحان میں شرکت کرنے کے بعد دو سال کے اندر درخواست دی جائے تو فیس مبلغ -/1100 روپے ہوگی۔ دو سال سے پانچ سال کے اندر مبلغ -/2100 روپے پانچ سال سے دس سال کے اندر فیس مبلغ -/3100 روپے جمع کروانی ہوگی اور دس سال کے بعد فیس مبلغ -/4100 روپے ہوگی (جمع کروائی گئی فیس واپس نہ ہوگی۔)

2۔ بورڈ قوانین / گورنمنٹ کے نوٹیفکیشن کے مطابق سرکاری و نیم سرکاری اداروں کے ملازمین کی تاریخ پیدائش تبدیل نہیں ہوگی۔ اگر آپ سرکاری ملازم نہیں ہیں تو اوتھ کمشنر / مجسٹریٹ درجہ اوّل سے تصدیق شدہ بیان حلفی ارسال کریں۔ کہ آپ کسی بھی سرکاری یا نیم سرکاری محکمہ میں ملازم نہیں ہیں اور نہ ہی آپ نے پہلے کبھی تاریخ پیدائش درستی کروائی ہے۔

3۔ ولادت کا سرٹیفکیٹ جس میں میونسپل برتھ رجسٹر میں نام سے متعلق سب اندراجات شامل ہوں مہیا کیا جائے بشرطیکہ امیدوار اور اُس کے والد کا نام ان اندراجات میں تاریخ ولادت درج کراتے وقت سے واضح طور پر مذکور ہو / امیدوار کا پہلی بار سکول میں داخلہ کا ریکارڈ (گورنمنٹ سکولز کا ریکارڈ ہی قابل قبول ہوگا) بھی مہیا کریں۔ (بعد میں درج کرائی گئی (Late Entry) تاریخ پیدائش یا اس سے متعلقہ کوئی بھی درستی / کٹنگ یا تبدیلی قابل قبول نہیں ہوگی)۔

**ضروری نوٹ:۔**

i۔ درخواست فارم جمع کروانے کے بعد امیدوار کو کمیٹی کے سامنے پیش ہونا ہوگا۔

ii۔ متعلقہ ادارے کا ریکارڈ (رجسٹر داخل خارج / رجسٹر اندراج پیدائش) متعلقہ کمیٹی کے ملاحظہ کے لئے پیش کرنا ہوگا۔

iii۔ بورڈ کے قواعد کے مطابق ایک سال کے اندر ریکارڈ پیش نہ کرنے کی صورت میں کیس داخل دفتر کر دیا جائے گا نیز جمع شدہ فیس استعمال کے قابل نہ ہوگی۔

4۔ **تاریخ پیدائش میں غیر فطری وقفہ (Un-Natural Gap)**

تاریخ پیدائش میں غیر فطری وقفہ (Un-Natural Gap) کی صورت میں جس بھائی / بہن کے ساتھ غیر فطری وقفہ ہے اسکے رزلٹ کارڈ / سرٹیفکیٹ / ب فارم / شناختی کارڈ کی مصدقہ کاپی فراہم کریں، پیدائش میں غیر فطری وقفہ (Un-Natural Gap) کی صورت میں سیکنڈری سکول امتحان پاس کرنے سے پہلے کا لیٹ اندراج کا نادرا برتھ سرٹیفکیٹ قابل قبول ہوگا، بشرطیکہ موجودہ تاریخ پیدائش ایک سال تک تبدیلی ہو رہی ہو۔ (ایک سال سے زائد تبدیلی کی صورت میں پہلے سے موجود بورڈ قواعد کے مطابق درخواست جمع کروانی ہوگی۔)

5۔ مسلح افواج کے ملازمین / افسران کے بچوں کی تاریخ پیدائش کی درستگی کے لیئے اُن کے متعلقہ رجمنٹل آفس / پی۔اے۔ایف ریکارڈ آفس / بحری ہیڈ آفس کراچی / جنرل ہیڈ کوارٹر راولپنڈی / کنٹونمنٹ بورڈ آفس کا ریکارڈ قابل قبول ہوگا۔

6۔ قطع نظر اس قانون کے چیئرمین صاحب کو یہ اختیار ہے کہ وہ کسی غیر ملک میں پاکستانی مشن کا تصدیق کردہ سکول / پیدائش سرٹیفکیٹ قبول کریں / منظور کریں۔

7۔ بورڈ قوانین کے مطابق امیدوار کی میٹرک کی سند پر درج شدہ پیدائش میں 5 سال یا 5 سال سے زائد فرق ہونے کی صورت میں درستگی نہیں کی جائے گی۔

8۔ درخواست اس سکول کے ہیڈ ماسٹر / ہیڈ مسٹریس کی وساطت / تصدیق سے آنی چاہیے جہاں سے امیدوار نے سیکنڈری سکول امتحان پاس کیا ہو۔ اگر امیدوار نے یہ امتحان پرائیویٹ طور پر پاس کیا ہو تو درخواست کسی منظور شدہ ادارے کے ہیڈ ماسٹر / ہیڈ مسٹریس یا پرنسپل کی وساطت / تصدیق سے آنی چاہیے۔

9۔ تصحیح تاریخ پیدائش کے لیے درخواست کے ہمراہ امیدوار کا سیکنڈری سکول امتحان کا اصل سرٹیفکیٹ آنا لازمی ہے۔ جو کہ تاریخ ولادت صحیح ہو جانے کی صورت میں دفتر میں روک لیا جائیگا (نیا سرٹیفکیٹ لینے کے لیے نئی فیس جمع کرانا ہوگی) لیکن اگر درخواست نامنظور ہو جائے تو پرانا سرٹیفکیٹ ہی واپس کر دیا جائیگا۔

10۔ بورڈ قوانین کے مطابق تاریخ پیدائش میں درستی کی صورت میں میٹرک پاس کرنے تک عمر 14 سال سے کم ہو رہی ہو تو ایسی درخواست قابل قبول نہیں ہوگی۔